22255 ـ مسافر كا دن كے آخر ميں نماز جمع كرنے كا حكم

سوال

كيا مسلمان شخص اگر مسافر لمبے سفر پر ہو تو اس كے ليے دن كے آخر ميں نماز جمع كرنا جائز ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

يہ منكر عظيم ہے اہل علم ميں سے كوئى بھى اس كا قائل نہيں، بلكہ مسافر كے ليے تو ظہر اور عصر دونوں نمازوں ميں سے كسى ايك كے وقت ميں سورج زرد ہونے سے قبل جمع كرنا جائز ہے، اور اسى طرح مغرب اور عشاء كسى ايك كے وقت ميں نصف رات سے قبل تك جمع كى جاسكتى ہے.

ليكن نماز فجر كسى دوسرى نماز كے ساتھ جمع نہيں ہوسكتى، بلكہ نماز فجر ہميشہ اس كے وقت ميں ہى ادا كى جائيگى چاہے سفر ہو يا حضر طلوع شمس سے قبل ہى ادا كرنا ہو گى.

اللہ تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے.

واللہ اعلم .